# مجلس تاجران برائے گوشت کے
# 26 مدَنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ''مال و دولت کی ہَوَس دِل سے مٹا دے یاربّ'' کے

# 26 حروف کی نسبت سے مجلسِ تاجران برائے گوشت کے 26 مدنی پھول

## فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ دعوتِ اسلامی کا 99.99% مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلسِ تاجران برائے گوشت کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''72 مدنی انعامات'' میں سے ''مدنی انعام نمبر 1'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ''میں اللہ عزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے مجلسِ تاجران برائے گوشت کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ۔''

☆ دنیا میں ہر طرف گوشت کا کاروبار ہوتا ہے، یہ شعبہ بہت وسیع ہے، عموماً ہر شہر اور ہر گاؤں میں گوشت کے تاجر موجود ہوتے ہیں ☆ ہمیں گوشت کے تاجران کو نمازی بنانا ہے اور انہیں مسجد بھرو تحریک کا حصہ بنا کر دعوتِ اسلامی والا بنانا ہے۔

﴿2﴾ مجلسِ تاجران برائے گوشت کا مدنی کام ملک اور بیرونِ ملک مویشی منڈی، چمڑا منڈی، سرکاری و پرائیویٹ سلاٹر ہاؤس (یعنی کمیلا)، ہول سیلر، دکاندار و دیگر شعبہ جات (مثلاً ہڈی فروخت، چربی فروخت، کھال فروخت، سینگ فروخت، کُھر فروخت آنتیں فروخت، خون فروخت و آلات فروش (سری پائے، دل کلیجی، مغز)) کے بااثر گوشت فروش اسلامی بھائیوں میں تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مدنی پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدَنی مقصد ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ'' کے مطابق زندگی گزارنے کا مدَنی ذہن دینا ہے۔

﴿3﴾ مجلسِ تاجران برائے گوشت کے تمام اسلامی بھائی رشوت، تعلقات اور مُداھَنَت (یعنی برائی روکنے پر قادر ہونے کے باوجود ناجائز کام کو نہ روکنا/ دینی معاملے میں کمزوری، نرمی یا خاموشی اختیار کرنا) کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: فیضانِ سُنّت صفحہ 539 تا صفحہ 554 ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449 ☆ بہارِ شریعت، جلد سوم، حصہ 16 ☆ نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے

www.dawateislami.net

ضرورتاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

**﴿4﴾ ڈویژن سطح پر 3 رکنی مجلس بنائیں** گوشت مارکیٹ کی ذیلی مشاورت میں نگران، قافلہ ذمہ دار و مدنی انعامات ذمہ دار کی ترکیب کریں۔

﴿5﴾ ہر ڈویژن سے ہر ماہ (مجلسِ تاجران برائے گوشت) کا کم از کم **1 مدنی قافلہ** (ان اسلامی بھائیوں کو پیر، منگل، بدھ مدنی قافلے میں سفر کے لیے قدرے آسانی ہوتی ہوگی، ان دِنوں میں بالخصوص) سفر کروانے کی ضرور ترکیب کی جائے۔ ❁ ماہانہ کابینہ وائز مدنی قافلے کی ایک ہی تاریخ رکھی جائے اور بھرپور انداز سے اس کی تیاری کر کے سفر کی ترکیب ہو۔

﴿6﴾ گوشت مارکیٹ کی مساجد میں ہر ماہ تاجران برائے گوشت کے مدنی قافلوں کی تراکیب کریں نیز گوشت مارکیٹ کی قریبی مساجد میں **مدرسۃ المدینہ بالغان** کی ترکیب کریں، اس کیلئے مجلس مدرسۃ المدینہ برائے بالغان کی خدمات ضرور لی جائیں۔

﴿7﴾ گوشت مارکیٹ میں ہر (جمعرات)، ظہر وعصر کے درمیان **علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت** (پیر، منگل، بدھ) ''تاجران برائے گوشت اسلامی بھائیوں کے گھروں میں ''**مدنی حلقے**'' کی ترکیب اور (جُمُعَہ، ہفتہ، اتوار) مارکیٹ میں جا کر اِن اسلامی بھائیوں پر **اِنفرادی کوشش** کی ترکیب بنائیں اور ہفتہ وار اجتماع کے بعد سُنّتیں و آداب سیکھنے سکھانے کے حلقے کی الگ ترکیب ہو، اجتماع گاہ میں جہاں تاجران برائے گوشت کے مدنی حلقے کی ترکیب ہو وہاں، نمایاں مقام پر بینرز اور پینا فلیکس لگائیں، اجتماعات (ہفتہ وار اجتماع، تربیتی اجتماع، غمخواری اجتماع، مدنی مراکز فیضانِ مدینہ) اور مدنی مشوروں میں اس کی بھرپور انداز میں تشہیر کریں۔ بینر کی عبارت اس طرح ہونی چاہیے:

> اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
> اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ط
>
> **مجلسِ تاجران برائے گوشت**
>
> **دعوتِ اسلامی** کے مدنی ماحول میں ''تاجران برائے گوشت'' عاشقانِ رسول کے مدنی قافلے پیر، منگل، بدھ راہِ خدا میں سفر کرتے ہیں۔ دُرست نماز سیکھنے و سُنّتیں و دُعائیں زبانی یاد کرنے، اَخلاقی تربیت و نیکی کی دعوت کا عملی طریقہ کیلئے مدنی قافلے میں سفر کی سعادت حاصل کیجئے۔
>
> **سفرکرنے والے عاشقان رسول یہاں رابطہ فرمائیں**

﴿8﴾ گوشت مارکیٹ کی دکانوں پر مختلف مدنی کاموں کی تراکیب بنائیں اور گوشت کے تاجروں میں سنّتوں کی دھومیں مچائیں

❁ مدنی قافلہ ❁ مدنی انعامات ❁ ہفتہ وار مدنی حلقہ (مدنی حلقے کا جدول: تلاوت (5 منٹ)، نعت (7 منٹ)، مختصر بیان (26 منٹ)، غسل، وضو، نماز وغیرہ کا طریقہ (12 منٹ)، سُنّتیں اور آداب (10 منٹ)، مختصر دعا (10 منٹ)، مدنی قافلوں، ہفتہ وار اجتماع وغیرہ کے لئے انفرادی

www.dawateislami.net

کوشش (20منٹ) کل دورانیہ: 1:30 (ڈیڑھ) گھنٹہ) ❀ چوک/دکان درس ❀ وی سی ڈی اجتماع ❀ ہفتہ وار علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ❀ مدنی عطیات بکس ❀ مدرسۃ المدینہ بالغان ❀ تقسیمِ رسائل ❀ رسائل بکس ❀ ہفتہ وار اجتماع

❀ گوشت کی مارکیٹوں میں درسِ فیضانِ سنّت ، بعدِ ظہر زیادہ کامیاب رہے گا، لٰہذا اسے عام اور مضبوط کیا جائے، اس کیلئے روزانہ چھٹی کے بعد قریبی جامعۃ المدینہ کے طلبہ اور مجلس درسِ فیضانِ سُنّت کے ذِمہ داران سے مدد لی جاسکتی ہے ❀ **مجلسِ تاجران برائے گوشت کے ذمہ داران کا** عمومی جدول یوں ہو ❀ **پیر، منگل، بدھ**: مدنی حلقے/مدنی قافلے ❀ **جمعرات**: ہفتہ وار اجتماع و علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ❀ **جمعہ، ہفتہ، اتوار**: مارکیٹوں میں ملاقات ❀ ذِمہ دار اُس کو بنائیں جو نرمی کرے اور وقت دے۔

﴿9﴾ مجلس کے ذمہ داران، تاجران برائے گوشت شخصیات سے پیشگی وقت لیکر ملاقات کریں ❀ بہتر یہ ہے کہ ملاقات کے لئے دو تین اسلامی بھائی مل کر جائیں، ملاقات کی ابتداء میں تعارف یعنی تنظیمی ذمہ داری اور ضرورتاً اپنی تعلیمی قابلیت (Educational Qualification) بیان کرنا مفید ہے ❀ دورانِ ملاقات شخصیات کو **دعوتِ اسلامی** کے مدنی کاموں اور شعبہ جات مثلاً مدنی چینل، مجلس شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net) ، مجلس خصوصی اسلامی بھائی، مجلسِ اصلاح برائے قیدیان وغیرہ کا تعارف کروائیں، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات سے آگاہ کریں اور موقع پاتے ہی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مرید یا طالب بنائیں ❀ دورانِ گفتگو اُن کی ہر بات پر ہاں میں ہاں ملائیں نہ سر ہلا کر تائید کریں، اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر گفتگو سے **مکمل اِجتناب کریں**۔ **اِنفرادی کوشش** کرتے ہوئے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ، اِخلاص و اخلاقِ حَسَنہ سے متعلق گفتگو کریں نیز انبیاء و صحابہ و اولیاء (علیہم الصلوۃ والسلام وعلیہم الرضوان) کی اسلام کی خاطر قربانیاں اور اصلاحِ اُمت کے لئے دعوتِ اسلامی اور بانیِ دعوتِ اسلامی دامت برکاتہم العالیہ کا کردار باصفا جیسے عنوانات پر ہی گفتگو کریں۔ اپنا ذاتی کام شخصیات سے ہرگز نہ کہا جائے۔ ملاقات مختصر (5 سے 12 منٹ) ہو، اگر شخصیت دلچسپی ظاہر کرے تو مزید وقت بڑھا دیں اور نمایاں شخصیات سے تحریری یا ویڈیو تاثرات حاصل کر کے مع تفصیلات مجلس مدنی چینل کو ارسال فرما دیں ❀ حدیثِ پاک میں ہے "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پر شخصیات کو ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل اور VCDs وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں بالخصوص ممکنہ صورت میں گوشت کی تاجر شخصیات کو اہمیت بیان کر کے DVD "بابا کا مینڈھا" ضرور دیں اور دیکھنے کی نیّت کروائیں۔ جو رِسالہ/ کتاب/ VCD

www.dawateislami.net

پیش کریں اُسے اپنے پاس ڈائری میں نوٹ کرلیں تا کہ آئندہ ملاقات میں کوئی اور کتاب / رِسالہ /VCD پیش کی جاسکے ❀ مضبوط اور مسلسل رابطہ ہماری مجلس کے مدنی کام کی جان ہے، جن سے ملاقات ہواُن کا نام اور فون نمبر وغیرہ حاصل کرکے فہرست مرتب کریں اور بالمشافہ، SMS، Email، ضرورتاً فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہیں۔ شخصیات کا ای میل ایڈریس مجلس آئی۔ٹی کو دیں تاکہ وہ مدنی پھول روانہ کرتی رہے ❀ **تاجران برائے گوشت** شخصیات کی **مکمل معلومات** مثلاً نام، پوسٹل ایڈریس، فون نمبر وغیرہ اپنی مشاورت کے نگران اور نگرانِ مجلس تاجران برائے گوشت (پاکستان) کو بھی پیش کریں تا کہ مدنی مرکز کی طرف سے ضرورتاً اُن سے فوری رابطہ کیا جاسکے۔ یاد رہے! صاحبِ منصب شخصیات کی دعوتِ خاص نہ خود اور نہ ہی کسی سے ترکیب بنا کر کریں کہ یہ ناجائز ہے۔ یہی حکم اسلامی کتب و رسائل اور VCDs وغیرہ کے علاوہ تحائف کا ہے۔

﴿10﴾ **تاجران برائے گوشت** کی دکانوں/ گھروں میں مدنی چینل کی ترکیب بنائیں، انہیں مدنی چینل کے سلسلوں کا تعارف کروائیں اور دیکھتے رہنے کا ذہن بنائیں۔

❀ اہم گوشت کے تاجر شخصیات کو دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز، جامعات المدینہ، مدارس المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنّت، ہفتہ وار اجتماعات میں آنے اور مدنی قافلوں میں سفر کی بھرپور دعوت دیں اور ان مواقع کی ریکارڈنگ کرکے ہاتھوں ہاتھ مجلسِ مدنی چینل کو روانہ کریں۔

❀ **گوشت کے تاجر** اسلامی بھائی کے ہاں بیماری، پریشانی، فوتگی کے مواقع پر غمخواری (عیادت وتعزیت) کی ترکیب کریں مثلاً تعویذات ومکتوباتِ عطاریہ، فوتگی پر غسلِ میت، جنازہ وتدفین اور سوئم، چہلم و برسی پر اجتماعِ ذکر و نعت اور ایصالِ ثواب کی تراکیب وغیرہ۔

﴿11﴾ ربیع الاوّل، گیارہویں شریف، رمضان المبارک اور سفرِ حج وسفرِ مدینہ وغیرہ موقع کی مناسبت سے تاجران برائے گوشت شخصیات کے گھروں پر اور مارکیٹوں میں وقتاً فوقتاً اجتماعِ ذِکر و نعت کی ترکیب کرکے نیکی کی دعوت کی خوب خوب دُھومیں مچائیں۔ (اجتماعِ ذکر و نعت کا جدول: تلاوت: 5 منٹ، نعت: 5 منٹ، بیان: 19 تا 26 منٹ، دعا: 5 منٹ، سلام: 3 منٹ، ملاقات وانفرادی کوشش: 41 منٹ) میزبان شخصیت کا پہلے سے ہی ذہن بنا کر تقسیم رسائل (مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ کتب و رسائل و VCDs) کی ترکیب کریں۔ اسی طرح ان کے ہاں VCD اجتماعات کروائے جائیں، جس میں "DVD باپا کا مینڈھا" میں سے ترکیب کی جائے، یہ DVD کم وبیش 12 گھنٹے پر مشتمل ہے، لہٰذا ہر مرتبہ پیشگی تیاری کے ساتھ کم وبیش ایک گھنٹہ مخصوص حصہ چلایا جائے۔

﴿12﴾ کسی بھی گوشت کے تاجر شخصیت کے گھر میں مدنی ماحول بنانے کی ایک ترکیب یہ بھی ہے کہ اِن کے گھر کی اسلامی بہنوں کو اسلامی بہنوں کے اجتماع میں شرکت کروائیں۔

www.dawateislami.net

﴾13﴿ **مجلسِ تاجران برائے گوشت** کے ذمہ داران، ہر ماہ گوشت کے تاجر اسلامی بھائیوں وشخصیات کو مدنی قافلوں کے لیے تیار کریں اور ان کے مدنی قافلے ،مجلس مدنی قافلہ کے مشورے سے اہم شخصیات و گوشت مارکیٹ کے رہائشی علاقوں کی مساجد وغیرہ میں ٹھہرائے جائیں اور دیگر شخصیات کو عاشقانِ رسول سے ملاقات کروانے اور ان کی خیر خواہی کے لیے اس مسجد میں لایا جائے۔ان مدنی قافلوں میں نگرانِ ڈویژن مشاورت ،نگرانِ کابینہ اور دیگر اہم تنظیمی ذمہ داران کا سفر زیادہ مفید ہے۔

﴾14﴿ گوشت کے تاجر اسلامی بھائیوں کو بقر عید کے بعد چھٹیاں ہوتی ہیں، لہٰذا 15 **ذُو الحجۃ الحرام** سے تاجران برائے گوشت کا 30 روزہ تربیتی کورس کروایا جائے ❁ مزید اس کے علاوہ ان کی مختلف کورسز مثلاً 63 روزہ مدنی تربیتی کورس ، 41 روزہ مدنی انعامات مدنی قافلہ کورس یا کم سے کم 3 / 12 دن/ 1 ماہ (30 دن) کے مدنی قافلوں میں سفر وغیرہ کی ترغیب دِلاتے رہیں ❁ اپنی کابینات میں شروع ہونے والے مدنی تربیتی کورس میں فی کابینہ کم از کم 2 اسلامی بھائی دینے کا ہدف ہے۔

﴾15﴿ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے مدنی انعامات کا رسالہ پُر کرنے اور ہر مدنی ماہ کی 10 تاریخ تک اپنے ذمہ دار کو جمع کروانے اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کروانے کی کوشش کرتے رہیں۔

﴾16﴿ **مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات ،مختلف کورسز کے ماہانہ اھداف**: مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگرانِ مشاورت کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس، 12 روزہ مدنی کورس اور مدنی تربیتی کورس کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

## ﴾17﴿ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| 1 | ذیلی | ذیلی سطح پر 3 رُکنی مجلس |
| 2 | کابینہ | کابینہ ذِمہ دار (دونوں شعبوں کا ایک ذِمہ دار ہوگا) |
| 3 | کابینات | کابینات ذمہ دار (دونوں شعبوں کا ایک ذِمہ دار ہوگا) |
| 4 | ملک | دونوں شعبوں کا ایک ہی نگران ہوگا |
| 5 | رُکنِ شوریٰ | مجلس تاجران، مجلس تاجران برائے گوشت |
| | | |

www.dawateislami.net

۞ پاکستان اِنتظامی کابینہ کے مدنی مشورے(۱۲ جُمادَی الاُولٰی ۱۴۳۷ ھ،21فروری 2016ء)میں طے ہونے والے مدنی پھولوں کے مطابق "مجلس تاجران برائے گوشت" کا شعبہ "مجلس تاجران" میں ضم کردیا گیا ہے۔ ۞ ذیلی سطح پر 3 رُکنی مجلس ہوگی ۞ شہر/ مارکیٹ سطح پر مجلسِ تاجران برائے گوشت کے الگ سے ذِمہ دار ہوں گے مگر یہ کابینہ ذِمہ دار "مجلسِ تاجران" کے تحت ہوں گے۔ ۞ دونوں شعبوں پر کابینات ذِمہ دار پاکستان سطح کی مجلس کا رکن ہے، پاکستان سطح کی مجلس (کابینات ذِمہ داران) میں سے، ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے۔ ۞ "بیرونِ ملک کے ذمہ داران، متعلقہ ممالک ذِمہ دار/ رُکنِ شوریٰ کی اجازت سے اس شعبے میں کسی بھی سطح پر ذِمہ دار مقرر کریں"۔ ۞ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین ونگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔(امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴾18﴿ مَدَنی مشوروں کی تاریخ و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 4 | نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار (دونوں شعبوں کا ایک کابینہ ذِمہ دار ہوگا) | کابینہ | ذیلی سطح پر 3 رکنی مجلس شہر/ مارکیٹ سطح کی مجلس و نگران | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 3 | 5 | نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار (دونوں شعبوں کا ایک کابینات ذِمہ دار ہوگا) | کابینات | کابینہ ذمہ داران | // |
| 4 | 6 | رکن شوریٰ / نگرانِ مجلس | ملک | کابینات ذمہ داران | // |

**وضاحت**: **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس کا ہر ماہ **مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**
۞ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا تربیتی اجتماعات کے لیے اوّلاً "**اجازت نامہ**" مکمل پُر کر کے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔(مزید وضاحت کے لیے "**اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا تربیتی اجتماع**" کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کرلیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ مکتب سے میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

۞ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: ۞ کابینہ:5 ۞ کابینات:6 ۞ ملک:7

www.dawateislami.net

﴿19﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ/مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿20﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں)

﴿21﴾ ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول عیسوی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) کو پیش کرے۔

﴿22﴾ متعلقہ نگران کی مشاورت سے شعبہ ذمہ داران منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

﴿23﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت/ کابینہ سے مربوط رہیں۔ انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿24﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿25﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

## ﴿26﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ (وقتاً فوقتاً ہونے والے ''**فیضانِ فرض علوم کورس**'' اور ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے ''**مدنی مذاکرے**'' میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنائیے، اس کی برکت سے علمِ دین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا۔ ''**فرض علوم**'' پر مشتمل مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والے ''**میموری کارڈ**(Memory Card)'' کے ذریعے بھی کثیر علمِ دین حاصل ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل)

❁ مدنی حلیے ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) **کلی والا سفید کُرتا سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی**

www.dawateislami.net

تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ) کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ (30 دن) اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، محبوب اور منظورِ نظر** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live **مدنی مذاکرہ** دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی

www.dawateislami.net

(شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اوراصلاح کی ضرورت محسوس ہوتو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

## 12روزہ مَدَنی کورس

❁ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عزوجل! امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے فرمان کے مطابق، 1 ماہ کے مدنی قافلے میں ''12 روزہ مدنی کورس'' بھی شامل ہو چکا ہے، 1 ماہ کے مدنی قافلے میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کو 12 روزہ مدنی کورس کرنے کی بھی سعادت حاصل ہو جائے گی ❁ 12 روزہ مدنی کورس کرنے والے کا 12 دن کا مدنی قافلہ بھی شمار کیا جائے گا۔

## مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء** (اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۱۷ رجب المرجب ۱۴۳۷ھ / 25 اپریل 2016ء

www.dawateislami.net